Cambridge Assessment International Education

# Cambridge O Level

| | |
|---|---|
| CANDIDATE NAME | |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| CENTRE NUMBER | | | | | | | CANDIDATE NUMBER | | | | |

*7447225592*

**FIRST LANGUAGE URDU** **3247/01**

Paper 1 Reading and Writing **May/June 2024**

**1 hour 30 minutes**

You must answer on the question paper.

No additional materials are needed.

**INSTRUCTIONS**
- Part 1: answer **all** questions in **Urdu**.
- Part 2: answer **one** question in **Urdu**.
- Use a black or dark blue pen. Do **not** use an erasable pen or correction fluid.
- Write your name, centre number and candidate number in the boxes at the top of the page.
- Write your answer to each question in the space provided.
- Do **not** write on any bar codes.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**
- The total mark for this paper is 50.
- The number of marks for each question or part question is shown in brackets [ ].

**ہدایات**
- حصہ 1: **تمام** سوالوں کے جوابات **اردو** میں لکھیے۔
- حصہ 2: کسی **ایک** سوال کا جواب **اردو** میں لکھیے۔
- کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت کریں**۔
- اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر لکھیے۔
- ہر سوال کا جواب دی گئی جگہ پر لکھیے۔
- کسی بھی بار کوڈ پر **مت لکھیے**۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**
- اس پرچے کے لیے کل مارکس 50 ہیں۔
- اس پرچے میں دیے گئے ہر سوال یا اس کے کسی حصے کے مارکس بریکٹ میں دیئے گئے ہیں [ ]۔

This document has **12** pages. Any blank pages are indicated.


© UCLES 2024

**Part 1 Reading**

سوال نمبر۱: مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیے اور پھر دیے گئے سوالوں کے جوابات جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

**موضوع: ٹریفک کے مسائل**

دنیا بھر کے اکثر بڑے شہروں کو ٹریفک کے مسائل کا سامنا ہے جن کی کئی وجوہات ہیں۔ پوری دنیا میں گاڑیوں کی پیداوار میں بے حد اضافہ ہوا ہے۔ انسانی آبادی میں اضافے نے ٹریفک کے مسائل کو اور بھی پیچیدہ کر دیا ہے۔ پھر لوگوں کی آمدنی میں اضافے کے باعث گاڑیاں خریدنا آسان ہو گیا ہے۔ اکثر سامان کو منتقل کرنے کے لیے بڑی گاڑیوں کا استعمال کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے سڑکوں پر ٹریفک جام ایک معمول بن چکا ہے۔

کراچی اور لاہور جیسے بڑے شہروں میں ٹریفک کے مسائل کا ذکر کیا جائے تو یہاں ہر وقت سڑکوں پر گاڑیوں کی بھیڑ لگی رہتی ہے۔ تاخیر سے بچنے کے لیے لوگ ٹریفک کے قوانین کو توڑنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ شہروں کی تنگ سڑکوں کے دونوں طرف لوگوں نے چھوٹے چھوٹے کاروبار کھولے ہوئے ہیں جس سے ٹریفک بڑھ جاتی ہے۔

ٹریفک کے مسائل پر بات کرتے ہوئے راولپنڈی کے ایک رہائشی عمران علی کا کہنا ہے "پاکستان میں لوگوں نے پرانے ذرائع آمدورفت کو استعمال کرنا چھوڑدیا ہے۔ لوگ اب بس، تانگے یا سائیکل پر سفر کرنے کو اچھا نہیں سمجھتے جب کہ کار میں سفر کرنے کو معاشرے میں مالی حیثیت کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ لوگ شہری علاقوں میں رہنا بھی پسند کرتے ہیں جس کی وجہ سے ٹریفک کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔"

گاڑیوں سے نکلنے والا دھواں انسانی صحت پر برا اثر ڈالتا ہے۔ سڑکیں خراب ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کا شور شہر میں رہنے والے لوگوں کی زندگی کو بے سکون بنا دیتا ہے۔ گاڑیوں کی وجہ سے اٹھنے والے گرد و غبار کی وجہ سے سانس لینا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ پارکنگ کی سہولت نہ ہونے سے لوگ اپنی گاڑیاں غلط پارک کر دیتے ہیں جس سے پیدل چلنے میں دشواری ہوتی ہے۔

ایک انجینئر ماجد حسین کا خیال ہے کہ شہروں میں داخل ہونے والی گاڑیوں پر ٹیکس لگانے سے گاڑیوں کی تعداد میں کمی ہو سکتی ہے۔ کسی بھی شاپنگ سنٹر بنانے سے پہلے پارکنگ کی جگہ رکھی جائے۔ بہتر ہو گا کہ بسوں اور بھاری گاڑیوں کے اڈے شہروں سے باہر بنائے جائیں جس سے ٹریفک جام کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ سڑکوں کے ساتھ سائیکل لین بنانے اور سائیکل کے استعمال سے بھی ٹریفک میں کمی ممکن ہو سکتی ہے۔

ٹریفک وارڈن یعقوب خان کا کہنا ہے کہ اگر عوام ٹریفک کے قوانین کی پابندی کریں تو بہت سے مسائل حل کیے جا سکتے ہیں۔ گاڑیوں کا ہر سال معائنہ کروانے سے اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاڑیاں سڑک پر چلنے کے قابل ہیں۔ لوگوں کو چاہیے کہ وہ اپنی گاڑیاں مناسب جگہ پر پارک کریں تاکہ پیدل چلنے والوں کو تکلیف نہ ہو۔ لوگ بسوں میں سفر کریں تاکہ سڑک پر گاڑیوں کی تعداد کم ہو سکے۔

ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ ہر مسئلے کا کوئی نہ کوئی حل ہوتا ہے اگر ہم ٹریفک کے اصولوں کو اپنائیں تو ان تمام مسائل پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب اردو میں جہاں تک ممکن ہو سکے اپنے الفاظ میں لکھیے۔

[ہر سوال کے بعد مارکس لکھ دیے گئے ہیں]

**Question 1**

(i) پہلے پیراگراف کے مطابق ٹریفک کے مسائل پیدا ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

..........

..........

..........

[4] ..........

(ii) کراچی اور لاہور کو ٹریفک کے کن مسائل کا سامنا ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

..........

..........

[3] ..........

(iii) عمران علی کے مطابق وقت کے ساتھ ساتھ لوگوں کے رویے میں کیا تبدیلی آئی ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

..........

..........

..........

[4] ..........

© UCLES 2024

(iv) عبارت کے مطابق ٹریفک شہری زندگی پر کس طرح سے اثر انداز ہو رہی ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

[4] ..........................................................................................................................................................

(v) ٹریفک کے مسائل پر قابو پانے میں ماجد حسین کی تجاویز کہاں تک مفید ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

[4] ..........................................................................................................................................................

(vi) یعقوب خان کی رائے میں ٹریفک کے مسائل کے حل میں عوام کی مدد کیوں ضروری ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

[4] ..........................................................................................................................................................

(vii) آپ کے خیال میں آخری پیراگراف منفی ہے یا مثبت اور کیوں؟

..........................................................................................................................................................

[2] ..........................................................................................................................................................

© UCLES 2024 

**Part 2 Writing**

مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 300–400 الفاظ پر مشتمل اردو میں ایک مضمون لکھیے۔

**Question 2**

**(i)** **دلیل**

کیا شہری زندگی دیہاتی زندگی سے بہتر ہے یا نہیں؟ اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

[25]

**(ii)** **بحث**

ٹیکنالوجی نے انسانی زندگی کو تبدیل کرکے رکھ دیا ہے۔بحث کیجیے۔

[25]

**(iii)** **تفصیل**

اپنے شہر میں کسی میلے کا آنکھوں دیکھا حال بیان کیجیے۔

[25]

**(iv)** **بیان**

اسکول سے نکلتے ہی میں نے گیٹ کے پاس ایک خاتون کو دو چھوٹے بچوں کے ساتھ سڑک پر بیٹھے ہوئے دیکھا تو مجھ سے رہا نہ گیا اور ان کے پاس جاکر میں نے انہیں سلام کیا اور پھر ان کا احوال پوچھا۔۔۔۔۔۔۔۔کہانی مکمل کیجیے۔

[25]

**نوٹ: حصہ دوم کے سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب پرچے کے صفحات 7, 8, 9 پر لکھیے۔**

BLANK PAGE

**BLANK PAGE**

BLANK PAGE

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of Cambridge Assessment. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is a department of the University of Cambridge.

© UCLES 2024